## سوال

(191)ایام حیض میں مباشرت کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بیوی اگر ایام سے ہو اور شوہر اس سے مباشرت کر بیٹھے تو اس پر کیا لازم آتا ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جو شخص ماہانہ ایام کے دوران میں بیوی سے مباشرت کر بیٹھے اس پر واجب ہے کہ ایک دینار یا آدھا دینار کفارہ ادا کرے۔ سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہ سے یہی مروی ہے۔ اور یہ بہت عمدہ ہے۔ کیونکہ کفارہ جس طرح قسم توڑنے پر آتا ہے ایسے ہی کسی گناہ کے ارتکاب پر بھی ہوتا ہے اور توقع کی جاتی ہے کہ اس سے گناہ کے عقاب میں کمی ہو جائے گی اور یہ عمل توبہ کی تکمیل کا ایک حصہ ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

**صفحہ نمبر 202**

محدث فتویٰ